آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے۔ خبروں کا بلیٹن لےکر مینشیخ محمد یا سین

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

20/06/2026 07.40 / PM

ہیڈ لائنز

*....... وزیر اعظم نریند ر مودی نے اُڑیسہ میں 47ہزار کروڑ روپے سے زائد مالیت کے پروجیکٹوں کا کیا افتتاح // کئی ایک کا رکھا سنگ بنیاد ۔

*.......علم و روحانیت کے عظیم ورثے کا احیائے نوہم سب کا بنیادی مقصد// سرینگر -نالندہ ڈائیلاگ سے ایل جی منوج سنہا کا خطاب۔

*.......یوگا کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں تیاریاں مکمل // وزیر اعظم نریندر مودی کولکتہ میں کریں گے ملکی سطح کی تقریب میں شرکت ۔

اور

*........NEETکی جانب سے ملک NTA انڈگریجویٹ امتحان کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے بھر میں ماک ڈرل منعقد ۔

PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اُڑیشہ میں رائے رنگ پور کے دھاند بوس علاقے میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ہمراہ 47ہزار کروڑ روپے سے زائد مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹونکا افتتاح کرکے انہیں قوم کے نام وقف کیا۔ انہوننے کئی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کسانوں سے دھان خریدنے کےلئے انہیں3ہزار1سو روپے فی کونٹل دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ Subhadra سکیم کے تحت ملک کی1کروڑ سے زائد خواتین کو مالی امداد فراہم کی گئی ہے۔

وزیراعظم نے وہاں سکل ڈیولپمنٹ سینٹر اور ایک ریذڈنشل سکول کا بھی دورہ کیا۔ اس سے قبل وزیر اعظم نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے آبائی گاؤں پہاڑ پور کا بھی دورہ کیا۔ انہوننے صدر دروپدی مرمو کو ان کے68 ویں جنم دن پر مبارکباد دی ۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ علم اور روحانیت کے عظیم ورثے کا احیائے نواور بھارت کی تہذیبی و تمدنی روایت کو مضبوط بنانا ہم سب کا بنیادی مقصد ہے۔ سرینگر میں منعقدہ SKICC سرینگر-نالندہ ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ اس طرح کی مستقبل شناسی سے ہماری نوجوان نسل کو اپنے شاندار ماضی اور جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ جوڑا جا سکتا ہے۔

انہوننے کہا کہ سرینگر-نالندہ ڈائیلاگ وکست بھات کے نئے نظریے کو ہمت کے ساتھ آگے بڑھانے کا ایک منفرد موقعہ فراہم کر رہا ہے ۔

واضح رہے کہ اس تقریب کا انعقاد نالندہ لیٹریچر فیسٹول ، نوا نالندہ مہا ویرا // اور کشمیر یونیورسٹی کے باہمی اشتراک سے کیا گیا تھا۔

**بنگالLG**

ایل جی منوج سنہا نے مغربی بنگال کے یوم تاسیس کے موقعے پر وہاں کے لوگوں کو مبارک دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میںانہوننے کہا کہ مغربی بنگال نے ملک کی جنگ آزادی میں کلیدی کر دار ادا کیا اور ساتھ ہی وہانکے لوگوں نے ادب، آرٹ، سنگیت اور سائنس کے شعبہ جات کے ارتقا میں میں اہم رول ادا کیا ہے۔

انہوننے اُمیدا ظاہر کی کہ یہ ریاست ترقی اور نمو کے مزید منازل طے کرے گی۔

**سکینہ ایتو**

صحت اور طبی تعلیم کی و زیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ سیلاب سے بچاؤ کےلئے بنیادی ڈھانچے کو تقویت دینا سرکار کی ترجیحات میں شامل ہے۔ تاکہ لوگوں کی سلامتی کے ساتھ ساتھ عوامی اثاثوں کو قدرتی آفات سے بچایا جا سکے۔ وہ آج لائسو کولگام میں فلڈ پروٹیکشن بنڈ کا افتتاح کر رہی تھی۔ انہوننے وہاں سیلاب سے تحفظ کو یقینی بنانے کےلئے4کروڑ96لاکھ مالیت کے2 جامع پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا ۔ بعد ازاں انہوننے ضلع کے گڈر علاقے کا دورہ کر کے وہاں لوگوں کے مسائل سنے اور موقعے پر ہی ان کے حل کےلئے احکامات جا ری کئے۔

**جا وید ڈار**

وزیر زراعت جا وید احمد ڈار نے آج سکاسٹ کشمیر میں ورچول موڈ کے ذریعے PM-KISSAN کی 23ویں قسط واگذار کئے جانے کے سلسلے میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔

اس سکیم کے تحت جمونو کشمیر کے9لاکھ17ہزار کسانوں کے بینک کھاتوں میں اب تک تقریباً4ہزار209کروڑ روپے منتقل کئے گئے ہیں۔ اس موقعے پر ’ ’کھیت بچاؤ ابھیان‘‘ اور” فارمرس سکیم گائیڈ‘‘ نامی دوکتابچے اجراءکئے گئے۔

**رانا**

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج مینڈھر پونچھ میں ایک میٹنگ کے دوران وہاں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام پروجیکٹوں کو بر وقت مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

**چیف سیکریٹری**

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے تمام ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ التواءمیں پڑے مو بائل ٹاور سائٹس کے معاملے کو تیز تر بنیادونپر حل کریں۔

انہوننے افسروں پر زور دیا کہ وہ یوٹی میں ایسے رہائشی علاقوں کی نشاندہی کریں جہاں ابھی تک موبائل خدمات مو ثر نہیں کی جا سکی ہیں ، تاکہ یوٹی کے تمام رہائشی علاقونکو موبائل نیٹ ورک کوریج فراہم کی جا سکے۔ وہ آج سٹیٹ براڈ بینڈ کمیٹی کی11ویں میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے۔

یو گا ڈے

واں ؒؒبین الاقوامی یوگا ڈے کل منایا جا رہا ہے۔ اس سال یوگا کے بین الاقوامی دن کا موضوع 12 Yoga for Healthy Ageing ہے ۔ اس سلسلے میں وزارت کلچر کی طرف سے ملک بھر کے 100 اہم مقامات پر یوگا تقاریب کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ قومی سطح کی سب سے بڑی تقریب کولکتہ کے تاریخی ریڈ روڑ پر وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں منعقد ہو گی۔

یوگاJK

جموں کشمیر میں بھی یوگا کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔وادی میں صوبائی سطح کی سب سے بڑی تقریب SKICC سرینگر میں منعقد ہوگی جبکہ جموں PG کالج میں منعقد ہو رہی ہے۔ میں ایسی ہی ایک تقریب

ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے مطابق جموں کشمیر میں ان تقریبات کے احسن انعقاد کیلئے آیوش محکمے نے تمام تیاریاں مکمل کیں ہیں۔جموں کشمیر کے ڈائریکٹر آیوش ڈاکٹر اجے تکو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو تفصیلات دیتے ہوئے بتایا ۔

یو گاLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بین الاقوامی یو گا ڈے کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔ اپنے پیغام میں انہوننے عوام سے تاکید کی ہے کہ وہ اس پروگرام میں بڑھ چڑھ کر شرکت کرے۔

بحریPM

وزیر اعظم نریندر مودی کل کولکتہ میں دیگر مصروفیات کے علاوہ بھارتی بحری فوج کے تین پلیٹ فارمز INS Dunagiri ،INS Sanshodhak اور INS Agray بھی کمیشن کریں گے۔

نائب صدر

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے اپنے لداخ کے دورے کے دوسرے دن آج دریائے سندھ کے کنارے واقع مقدس سندھو گھاٹ پر پرارتھنا کی۔ بعد ازاں وہ Hall of fame war memorial گئے، جہاں انہوننے فوج کے شہید جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

NTA

انڈر گریجویٹ کے امتحان سے NEET نے کل دوبارہ لئے جانے والےNTA نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی پہلے آج قومی سطح کی ماک ڈرل کا انعقاد کیا جس کا مقصد اس امتحان کے احسن اور شفاف انعقاد کو یقینی بنانا تھا ۔

نے کہا ہے کہ وہ اس میڈیکل انٹرنس ٹیسٹ کے دوبارہ انعقاد کے لئے پوری طرح سے تیار NTA ہے ۔ ایک بیان میں ایجنسی نے کہا ہے کہ اس امتحان میں 22 لاکھ 79 ہزار امیدوار شامل ہو رہے ہیں ۔

یہ امتحان کل دوپہر دو بجے سے شام سوا پانچ بجے تک لیاجائے گا ۔

نشہ مکت

جموںو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جا ری ہیں۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ذاتی طور پر منشیات مخالف پروگراموں اور اقدامات کی نگرانی کررہے ہیں۔ منشیات کے خلاف ایل جی کا پیغام۔

-----LG-----

اس بدعت پر قابو پانے کےلئے درکار اقدامات اور لوگوں کی ذمہ داریوں کے تعلق سے ایک نیوز اینکر آصفہ میر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

کلامنچ پروگرام

کشمیر کلامنچ نے محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ کے اشتراک سے آج گورنمنٹ بائز ہائر سکنڈری سکول پالہ پورہ سرینگر میں نشہ مخالف بیداری پروگرام کا انعقاد کیا، جس میں طلباءکی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقعے پر کشمیر کلامنچ سے وابستہ فنکاروں نے” مہلک زہر“ کے عنوان سے ایک ڈرامہ بھی پیش کیا۔

پروگرام اطلاع

رواں مہینے کی 26تاریخ // منشیات مخالف بین الاقوامی دن ہے۔اس سلسلے میں آکاشوانی نیوز سرینگرکا تیار کردہ خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوگا۔

پروگرام کے مہمان ہیں معروف ماہر نفسیات ڈاکٹر امتیاز منصور ۔

ان کے ساتھ ہمکلام ہوں گے ہمارے ساتھی شیخ تجمل احمد۔

درخشاں

جموںو کشمیر وقف بورڈ کی چیرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج خانپورہ بارہمولہ میں حضرت جانباز ولی رفاعی ؒ کی درگاہ پر حاضری دی۔ انہوںنے وہاں محکمہ آثار قدیمہ اور Archaeology کے ذریعے چلائے جا رہے ہیرٹیج ریسٹوریشن اور کنزرویشن پروجیکٹ کا معائنہ کیا۔

ڈاکٹر اندرابی نے موقعے پر ہی اعلان کیا کہ اس مقدس درگاہ کی تعمیر نو اور باقی پروجیکٹ کا کام اب فوری طور پر وقف بورڈ کے ذریعے شروع کیا جائے گا۔ پروجیکٹ کے سلسلے میں انہوںنے DC-آفس بارہمولہ میں ایک تفصیلی جائزہ میٹنگ کی صدارت بھی کی۔

خانقاہ

سرینگر کے تاریخی خانقاہ معلی میں محرم الحرام کی چھ تاریخ یعنی سوموار کو یوم حسین ؓ کی مناسبت سے ایک دینی مجلس کا انعقاد ہوگا۔ نماز ظہر سے قبل میر واعظ مولوی ریاض احمد ہمدانی واقعہ کربلا اور امام عالی مقام ؓ کی شہادت بیان کریں گے۔

نماز ظہر کے بعد خانقاہ معلی میں درود وازکار کی مجلس بھی آراستہ ہوگی ۔

کھیر بھوانی

22 جون کو منعقد ہونے والے میلہ کھیر بھوانی کے سلسلے میں آج ماتا کھیر بھوانی یاترا کو جموں نگروٹہ دیویانی رانا نے 8ہزار5سو شردھالوؤں کواس میلے MLAسے رسمی طور روانہ کیا گیا . میں شرکت کیلئے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا .

سریکلچر

ڈائریکٹر سریکلچر اعجاز احمد بٹ نے آج سینٹرل سریکلچرل ریسرچ اینڈ ٹریننگ انسٹی چیوٹ پانپور مینجموںو کشمیر میں سریکلچر شعبہ سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔

اس میٹنگ کو مرکزی سرکار کے سینٹرل سلک بورڈ کے اہتمام سے منعقد کیا گیا تھا تاکہ یوٹی میں ریشم صنعت کی پائیدار نمو کو یقینی بنانے کےلئے موثر اقدامات کئے جا سکیں۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی ﷴ ساگر اور پارٹی کے سینئر لیڈر ڈاکٹر سمیر کول نے تولہ مولہ گاندربل میں منعقد ہونے والے کھیر بھوانی میلے کے سلسلے میں شردھالوؤں کیلئے تمام سہولیات دستیاب رکھنے کی صوبائی انتظامیہ سے اپیل کی ہے۔

اس دوران پارٹی کے صوبائی صدر کشمیرشوکت احمد میرنے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس کی حکومت عوام کی راحت رسانی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے ۔ سرینگر میونسپلٹی کی بلاک کمیٹی ترال کے ممبران سے خطاب کرتے ہوئے انہوںنے کہاکہ حکومت جموں کشمیر کے ہر خطے کی یکساں ترقی کو یقینی بنا رہی ہے۔

**BJP**

**جمونکشمیر کے جنرل سیکریٹری اشوک کول نے آج راجوری میں پارٹی وکرروں سے خطاب BJP کرتے ہوئے کہاکہ وزیر اعظم نریند ر مودی کی قیادت میں پچھلے 12برسوں کے دوران ملک میں مختلف شعبوں کی غیر معمولی ترقی درج کی گئی ہے ۔**

**اس دوران انٹر نیشنل یوگا ڈے کے سلسلے میں پارٹی کے مہیلا مورچہ کے اہتمام سے ترکوٹہ نگر جموں میں یوگا کی ایک نشست منعقد کی گئی۔**

**اِگنو**

**اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کے سرینگر ریجنل سینٹر نے سکاسٹ کشمیر میں طلباءکےلئے ایک نیا سٹیڈی سینٹر قائم کیا ہے۔ اس سٹیڈی سینٹر مینزراعت سے متعلق19 کورسز چلائے جائینگے۔ داخلوں کےلئے دراخواستوں کا عمل شروع کیا گیا ہے۔**

**IUST**

**اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کشمیر نے یونیورسٹی کے مختلف شعبوں میں پروفیسرونکی اسامیوں کیلئے اہل امید واروں سے درخواستیں طلب کیں ہیں۔اس سلسلے میں قوائد و ضوابط سے متعلق مزید تفصیلات یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔**

**BOPEE**

**کے اہتمام سے آج BOPEE جموں کشمیر میں پیشہ ورانہ کورسز کے داخلہ امتحانات سے متعلق بورڈ ٹیکنالوجی کورس کیلئے داخلہ امتحانات لئے گئے ۔ سرینگر اور M.Sc تدریسی سال 2026-27کیلئے جموں میں قائم کئے گئے امتحانی مراکز پر لئے گئے اس امتحان میں 312امید واروں نے شرکت کی ۔بورڈ نے امتحان کے احسن انعقاد کیلئے مناسب انتظامات کئے تھے ۔**

**ایوارڈ**

**سرینگر میں قائم ریجنل پاسپورٹ آفس کوپاسپورٹ سیوا پرسکار کے تحت سال 2025-26کیلئے بہترین پاسپورٹ آفس کے اعزاز سے نوازا گیا ہے ۔**

**یہ ایوارڈ گذشتہ روز ریجنل پاسپورٹ آفیسر سرینگر  بی ایس راؤت نے نئی دلی مینمنعقدہ ایک تقریب کے دوران وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے حاصل کیا۔**

**کرائم برانچ**

**کرائم برانچ کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے سال2023میں درج کئے گئے ایک معاملے کے سلسلے میں کانپور اُترپردیش کے رہنے والے ہر کیت سنگھ کے خلاف چیف جوڈیشل مجسٹریٹ سوپور کی عدالت میں چارج شیٹ داخل کی ہے ۔ ملزم کے خلاف شکایت دہندہ سے دھوکہ دہی کے ذریعے رقومات لوٹنے کا الزام ہے ۔**

**کولگام**

**شری امر نا تھ جی یاترا2026کے پیش نظر کولگام پولیس نے آج قاضی گنڈ میں نو یگ ٹنل کے نزیک ایک ماک ڈرل کا اہتمام کیا۔اس کا مقصد سکیورٹی تیاریوں کا جائزہ لینا تھا تاکہ اس سالانہ یاترا کو احسن طریقے سے منعقد کیا جا سکے۔**

**جے پی نڈا**

**مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے جانکاری دی ہے کہ ملک میں ٹی بی کی بیماری کے پھیلاؤ پرکافی حد تک قابو پایا جا چکا ہے ۔ انہوننے کہا کہ ملک میں ٹی بی سے ہونے والی اموات میں کا فی کمی آ ئی ہے۔**

**وہ آج ٹی بی مکت بھارت ابھیان کی پیش رفت کا جائزہ لینے کےلئے تمام ریاستوں اور مرکزی کے زیر انتظام علاقوں کے متعلقہ حکام کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی صدارت کررہے تھے۔ انہوننے تمام ریاستوں پر زور دیا کہ وہ جن بھاگیداری کے تحت ٹی بی کے خاتمے کو یقینی بنانے کےلئے متعلقہ اسمبلی اراکین اور رکن پارلیمان کی خدمات حاصل کریں۔**

**انتقال**

**کل شام کولکتہ میں Deepankar Mukhopadhyay انڈین انفارمیشن سروس کے سابق سینئر افسر 77برس کی عمر میں فوت ہوئے ۔انہوں نے اطلاعات ونشریات کی وزارت کے تحت مختلف عہدوں پر کام کیا تھا۔ آنجہانی ایک لمبے عرصے تک آکاشوانی کے نیوز سروسز ڈویژن کے ساتھ وابستہ رہے اور انہوں نے سنگا پور میں آکاشوانی کے خصوصی نمائندے کی حیثیت سے بھی اپنے فرائض انجام دیئے ۔**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24 کے دوران جموں کشمیر کے اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے ۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت27 اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت14ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 20 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر46منٹ پر ہو گا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹین ختم ہوا۔**

**خدا حافظ۔**